UNIVERSAL
LIBRARY
OU_228011
UNIVERSAL
LIBRARY

TIGHT BINDING BOOK

Osmania University Library

Call No. ۸۹۱,۵۱۵۱ [illegible] Accession No. 15532

Author

Title

This book should be returned on or before the date last marked below.

بوستانِ حسرت

ن
۸۹۱۴۵۱
ب

حسرت شروانی

غلط نامہ

بوستانِ حسرت

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۱۰	۴	مواجّی	مؤاجی
۱۱	۱	Sky-rac	ky-race
۱۲	۸	قصیدے	قصائد
۱۳	۱۲	اسناد	استاد
۱۵	۶	بنای	بنائی
۲۱	۱۳	زندگی بخشی	زندگی بخش
۲۲	۱	لوازے	لوازم
۲۵	۳	الہی	الہٰی
〃	۵	الہی	الہٰی
〃	۷	الہی	الہٰی
〃	۷	خرشید	خورشید
۲۷	۹	دائہ	دانہ
۲۸	۳	جانی	جانے
۲۹	۹	نہتی	نمی
۳۴	۶	زنداں	رنداں
۳۵	۴	ندارم	دارم
۴۱	۳	ہم نالگی	ہم نالگی
۴۴	۴	علیشی	علیشے

غلط نامہ

بوستانِ حسرت

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۱۰	۴	مواجّی	موّاجی
۱۱	۱	Sky-rac	Sky-race
۱۲	۸	قصیدے	قصائد
۱۳	۱۲	اسناد	استاد
۱۵	۶	بنائی	ہنائی
۲۱	۱۳	زندگی بخشی	زندگی بخش
۲۲	۱	لوازے	لوازم
۲۵	۳	الہی	الٰہی
"	۵	الہی	الٰہی
"	۷	الہی	الٰہی
"	۷	خرشید	خورشید
۲۷	۹	دانۂ	دانہ
۲۸	۳	جانی	جانے
۲۹	۹	نہتی	نمی
۳۴	۶	زندان	رندان
۳۹	۴	ندارم	دارم
۴۱	۳	ہم نالگی	ہم نالگی
۴۴	۴	علیشی	علیشے

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۴۵	۲	عدن	عدنِ
۴۷	۳	جان	جاں
"	۷	گلِ	گل
"	۱۱	درمان	درماں
۵۰	۲	مژدہِ	مژدۂ
۵۱	۳	سپردیِ	سپردئ
۵۲	۶	رحمٰن	رحمں
۵۳	۱۱	بگلِ	بگل
۵۵	۶	دارند	دادند
۵۶	۱	ناکامی	ناکامئ
۵۷	۸	د	و
۵۸	۴	آواں	آوانِ
۵۹	۴	دیوان	دیواں
۶۵	۱	کا	کہ
۶۸	۳	دودماں	دودمانِ
"	۴	آب	آبے
"	۱۱	جان	جاں
۷۰	۱	یادِ ...	یاد ...
۸۰	۱	بنالایم	نیالایم
۹۹	۵	درنہان	دربنان
۱۰۸	۱۰	ہوسِ	ہوس
۱۳۰	۳	رحمٰن	رحمں

۷۸۶

تقریب

فارسی زبان کی شیرینی اور فارسی غزل کی رنگینی کون نہیں جانتا۔ علامہ شبلی نے سچ کہا ہے۔ "عشق[1] و محبت کا جذبہ فطرتِ انسانی کا خمیر ہے۔ اس لئے تمام دنیا کی شاعری میں عشقیہ شاعری، اور سب انواع شاعری سے زیادہ متداول اور عام ہے۔ لیکن ایران اِس خصوصیت میں تمام دنیا سے بڑھا ہوا ہے۔" درحقیقت ایران کی تہذیب و تمدن، عیش و تنعم، آب و ہوا اور حسن و جمال نے اہل ملک کے جذبات عشق و محبت میں ایک آگ سی لگا دی تھی۔ سعدی۔ حافظ۔ عرفی۔ نظیری کسی کی غزل[2] اٹھا کر دیکھئے تو آپ پائیں گے کہ عشق کے نازک سے نازک جذبات۔ اور حُسن کی لطیف سے لطیف ادا کو یہ لوگ اِس خوبی سے بیان کر جاتے ہیں کہ ذوق سلیم وجد کرنے لگتا ہے۔ مثلاً یہ کہنا ہے کہ محبوب کی آمد پر تمام شکوے شکایتیں ختم ہو جاتے ہیں۔ اس کو سعدی یوں ادا کرتے ہیں:۔

گفتہ[3] بودم چو بیائی غمِ دل با تو بگویم　　　چہ بگویم کہ غم از دل برود چوں تو بیائی

یا یہ بیان کرنا ہے کہ معشوق کی اداؤں کے سامنے جان کی کوئی قیمت نہیں۔ اس کے لئے

---

[1] شعر العجم جلد پنجم [2] غزل کے موافق و مخالف حال میں بہت کچھ کہا گیا ہے۔ مگر یہاں اس بحث کا محل نہیں [3] غالب لکھتے ہیں:۔ اُن کے آنے سے جو آجاتی ہے منہ پر رونق۔ وہ سمجھتے ہیں کہ بیمار کا حال اچھا ہے۔

حافظ یہ پیرایہ اختیار کرتے ہیں :-

اے خوشا حالتِ آں مست کہ در پائے حریف ۔۔۔ سر و دستار نداند کہ کدام اندازد

اُس مست کی حالت قابلِ رشک ہے جو مستی میں معشوق کے قدموں پر نچھاور کرنے کے لئے یہ نہیں سوچتا کہ سر نذر کروں یا دستار۔ یا مثلاً عاشق کی وحدت پسند طبیعت غمِ روزگار کو بھی غمِ عشق میں جذب کر لیتی ہے۔ اس مضمون کو عرفی نے کس خوبی سے ادا کیا ہے :-

در دلِ ما غمِ دنیا غمِ معشوق شود[1] ۔۔۔ بادہ گر خام بود پختہ کند شیشۂ ما

اسی طرح نظیری محبوب کے آفتاب و شمع ہونے کی طرف کس لطف سے اشارہ کرتا ہے کہتا ہے :-

بازم بہ کلبہ کیست نہ شمع و نہ آفتاب[2] ۔۔۔ بام و درم ز ذرّہ و پروانہ پُر شدہ است

یعنی میرے جھونپڑے میں کون آگیا کہ شمع اور آفتاب کے نہ ہوتے ہوئے بھی تمام گھر ذرّوں اور پروانوں سے بھر گیا ہے۔ غرض مثالیں کہاں تک پیش کی جائیں۔ مقصود یہ ہے کہ فارسی غزل ایک باغِ پُربہار ہے جس کی کسی روش پر بھی نکل جائیے دماغ معطّر ہو جاتا ہے۔

ہندوستان میں فارسی کا مذاق غزنویوں کی آمد سے شروع ہوتا ہے۔ فارسی کا پہلا شاعر غالباً مسعود سعد سلمان ہے جو عہد سلطان ابراہیم غزنوی میں لاہور کا گورنر تھا۔ اس کے بعد پٹھان سلاطین کے دورِ حکومت میں ہمیں جمال دہلوی حسن[3] بدایونی (جو حسن سنجری دہلوی کہلاتے ہیں) بدر چاچی، مظہر گجراتی وغیرہ متعدد خوش گو شعرا ملتے ہیں لیکن حقیقت یہ ہے کہ امیر خسرو کے کوکبۂ خسروی نے سب کی شوکت کو ماند کر دیا تھا۔ یہاں تک کہ مغلیہ حکومت

---

[1] آلامِ روزگار کو آساں بنا دیا ۔۔۔ جو غم ملا اُسے غمِ جاناں بنا دیا۔ (آصغر)

[2] داغ کا شعر ملاحظہ ہو :- رُخِ روشن کے آگے شمع رکھ کر وہ یہ کہتے ہیں
اِدھر آتا ہے دیکھیں یا اُدھر پروانہ جاتا ہے

[3] ملاحظہ ہو کلیاتِ حسن مطبوعہ حیدر آباد

کا عہد آگیا۔ مغل بادشاہ و اُمرا نہ صرف قدردان بلکہ خود سلیم المذاق تھے۔ ہر طرف دولت و ثروت کی افراط۔ اور حسن و عشق کی چہل پہل تھی۔ نتیجہ یہ ہوا کہ یہاں کے فارسی شعرا ہندی الاصل ہوں یا ولایت زا۔ کمالِ فن اور لطفِ سخن میں ایرانیوں سے بازی لے گئے خود صائبؔ کا اعتراف سنیئے۔ کس مزے سے کہتا ہے:۔

نیست[1] در ایراں زمیں سامان تحصیل کمال　　　تا نیامد سوئے ہندستاں حنا رنگیں نہ شد

اصل یہ ہے کہ بابر و ہمایوں نے شعر و ادب کے پودے کی پرورش کی۔ اکبر کے عہد میں یہ چھتنا درخت بن گیا۔ جہانگیر و شاہ جہاں کے دَور میں اہل کمال نے اس کا پھل کھایا اور اس کے سایہ میں آرام پایا۔ اکبر[2] کے دربار کے شعرا کی فہرست جو ابوالفضل۔ بدایونی اور نظام الدین نے دی ہے کافی طویل ہے۔ یہ سلسلہ برابر جاری رہا۔ یہانتک کہ آخری مغل بادشاہ کے زمانہ میں خاتم الشعراء مرزا غالبؔ پر آکر ختم ہوگیا۔ مرزا خود کہا کرتے تھے کہ ہند میں فارسی شاعری ایک ترک لاچین (خسروؔ) سے شروع ہوئی اور ایک ترک ایبک (غالبؔ) پر ختم ہوگئی۔ مگر اس سے یہ مراد نہیں کہ غالبؔ کے بعد کوئی شاعر یا اچھا شاعر پیدا ہی نہیں ہوا۔ البتہ یہ درست ہے کہ کوئی صاحب[3] طرز یا مشہور استاد منصۂ شہود پر نہ آیا۔ ورنہ غالبؔ اور اُن کے معاصرین[4] کے بعد بھی فارسی کے بعض خوش گو شعرا[5] پیدا ہوئے۔ جن میں حالیؔ شبلیؔ

---

[1] یہ ہندرفتن حنا فارسی کا ایک محاورہ ہے جس سے حنا کا سیاہی مائل ہونا مراد ہے۔ [2] اسی دور میں آکر فارسی شاعری نے ایک خاص انداز اختیار کیا جس کو سبک ہندی سے تعبیر کرتے ہیں اگرچہ اس کی بنا خسروؔ کے عہد ہی سے پڑ گئی تھی [3] اقبالؔ ایک نئی شریعت شاعری کے مجتہد ہیں۔ اس لئے ان کا ذکر یہاں نہیں کیا گیا [4] غالبؔ نے ایک شعر میں اپنے معاصرین کا ذکر کیا ہے ؎ مومنؔ و نیرؔ و صہبائیؔ و علویؔ وانگاہ ٭ حسرتیؔ اشرفؔ و آزردہؔ بود اعظم شاں [5] یوں تو تقریباً ہر شہر میں فارسی کے اچھے شاعر ہو گذرے ہیں۔ مگر اُن کو شہرت عام کے دربار میں جگہ نہ ملی۔

خواجہ عزیز۔ شاہ عزیز اللہ ؒ وغیرہ قابل ذکر ہیں۔ انھی قابل ذکر گروہ میں جناب نواب صدر یار جنگ بہادر مولوی حبیب الرحمن خاں صاحب حسرت شروانی مدظلہ کا بھی شمار ہے۔ نواب صاحب کی ذات مستجمع الصفات کو اگر اس معنی کر ذو الریاستین کہا جائے تو بجا ہے کہ قدرت نے آپ کو دنیاوی ریاست کے ساتھ علم و ادب کی صدارت بھی عطا فرمائی۔ آپ کا علم و تبحر۔ فراست و تدبر۔ نادر کتاب خانہ۔ اور مذہبی و قومی کارنامے اظہر من الشمس ہیں۔ جن پر یہاں نہ بحث کی ضرورت نہ موقع۔ ہمارا مقصد صرف نواب صاحب کے فارسی کلام موسوم بہ بوستانِ حسرت پر اپنے ناچیز خیالات کا اظہار کرنا ہے۔ یہ ایک مختصر سا مجموعہ ہے جو ۲۸ غزلیات ایک مخمس نعت اور چند قطعات تاریخی وغیر تاریخی پر مشتمل ہے۔ متعدد ردیفیں خالی ہیں۔ اور کسی میں ایک ایک دو دو غزلیں ہیں۔ اور رسمی شاعروں کی طرح ردیفوں کی خانہ پری کی کوشش نہیں کی گئی ہے۔ موصوف کو شعر و ادب سے فطری ذوق ہے۔ اور اُسی ذوق کے ماتحت کسی خاص تحریک یا جذبہ سے متاثر ہو کر احیاناً فکر شعر فرماتے ہیں۔ تاہم دیوان کا ہر پڑھنے والا اس نتیجہ پر پہونچے گا کہ آپ کے یہاں اس مختصر مجموعے میں بھی رفعت خیالات۔ وصدق جذبات کے ساتھ لطافت بیان اور سلاست زبان کی کمی نہیں۔

مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ہم یہاں اپنے دعوے کے ثبوت میں موصوف کے دیوان سے چند مثالیں پیش کریں معشوق کی لطافت طبع کے متعلق ایک موقع پر نہایت لطیف پیرایہ اختیار کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

این ہمہ پاکی گوہر نتواں یافت بخاک | مگر از شیرۂ جانت بدنے ساختہ اند

یعنی عنصر خاکی میں یہ لطافت بھلا کہاں سے آئی۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ شاید تیرا جسم روح کے جوہر سے بنا ہے۔ غور کرنے کی جگہ ہے جس کے جسم کی لطافت کا یہ عالم ہے کہ روح نہیں بلکہ

روح کے جوہر سے اس کا خمیر ہوا ہے تو خود اس کی روح کی پاکیزگی کس پایہ کی ہوگی۔
درحقیقت تصور کے لئے کس قدر وسیع میدان شاعر نے مہیا کر دیا۔ العظمۃ للہ۔

اسی غزل میں کہتے ہیں:۔

منت رائحۂ نافہ و غنچہ نکشند　　　سرخوشانے کہ ببوئے دہنے ساختہ اند

عاشقان مست جو کسی کی بوئے دہن پر قناعت کئے بیٹھے ہیں مشک و غنچہ کی خوشبو کا احسان نہیں اٹھایا کرتے "بوئے دہنے" کا ٹکڑا جو لطف دے رہا ہے وہ ادب فارسی کے اداشناسوں سے پوشیدہ نہیں۔ نواب صاحب کی شاعری کے مطالعے سے معلوم ہوتا ہے کہ اُن کا مخاطب اگرچہ حسین مجاز کا پیکر۔ اور گوشت پوست، کا واقعی انسان ہے۔ لیکن جمال ظاہر کے ساتھ کمال معنی سے آراستہ ہے۔ اسی کے ساتھ خود اُن کا جذبۂ محبت بھی پاکیزگی اور وفا پرستی کے اوصاف سے متصف ہے۔ ملاحظہ ہو:۔

من و خیال رخے، بے نیازم از گلشن　　　من و جمال مہے، آفتاب را چہ کنم

بے نیازانہ ز سیر گل و گلشن گزرند　　　بیدلانے کہ بہ گل پیرہنے ساختہ اند

بعض پوری کی پوری غزلیں کسی خاص واقعے سے متاثر ہو کر لکھی ہیں جن میں واقعیت کی بنا پر تاثیر۔ اور مسلسل ہونے کی وجہ سے زور پیدا ہو گیا ہے۔ سچ ہے:۔

از دل می خیزد و بر دل می ریزد۔ مثلاً وہ غزل جس کا مطلع ہے:۔

در حریم وصل جانانم وطن خواہد شدن　　　شمع بزم انس آں ماہ ختن خواہد شدن

یا

ربودہ ہوش و قرارم غزال رعنائے　　　نگار مست خرامے بلند بالائے

اکثر غزلیں اساتذۂ قدیم کی زمینوں میں لکھی ہیں اور کامیاب شعر نکالے ہیں جن پر کہیں کہیں

علامہ شبلی۔ اور خواجہ عزیز جیسے سخن گو اور سخن سنج ناقدانِ ادب نے تحسین فرمائی ہے۔
حضرتِ ممدوح کے کلام میں متعدد مواقع پر عالی ہمتی و بلند حوصلگی کے مضامین اس خوبی سے نظم ہوئے ہیں کہ بے ساختہ دل سے داد نکلتی ہے۔ چند مثالیں سنئیے اور لطف اُٹھائیے۔
مثلاً جب آپ حیدرآباد سے ترک تعلق کرکے وطن کی جانب واپس آ رہے ہیں تو ریل کے سفر میں یہ شعر کہا:۔

شاہباز ہمتم ربطے بدستِ شاہ داشت　　　خوش نکردہ بند دستِ دیگراں پرواز کرد

شاہباز کا بادشاہوں کے ہاتھ سے تعلق قدیم رواج کی طرف اشارہ کر رہا ہے شعر کا مطلب یہ ہے کہ جب تک بادشاہ کے ہاتھ سے تعلق رہا میری ہمت کا شاہباز پابند رہا لیکن جب دوسرے لوگ دخیل ہوگئے تو اُس کو یہ محکومی گوارا نہ ہوئی اور اُڑ گیا۔

ہمتِ ما سر نمی آرد بمال و زر فرود　　　دولتِ ما بس بود آں شوخِ سیم اندامِ ما

اگرچہ انداز میں کوئی ندرت نہیں۔ تاہم شعر سے شاعر کی عالی ظرفی کا پتہ چلتا ہے۔

سرِ آزادگاں برپائے دوں طبعاں بود حیف است　　　اگر خاکِ رہِ جاناں نشد بردار بایستے

آزاد مزاجوں کے سر کے لئے دو ہی مصرف یا محل ہو سکتے ہیں۔ یا راہ دوست کی خاک ہوں یا دار کی زینت بنیں۔ یہ کیا غضب کہ ایسا سر اور ذلیل فطرتوں کے قدموں پر۔ خیال کی رفعت اور بیان کی لطافت داد سے مستغنی ہے۔ لطافت بیان کی تمثیل میں چند شعر اور ملاحظہ ہوں جن سے قارئین کرام کو محروم رکھنا ہمارے نزدیک ظلم ہے۔

دارم امید صلح ازاں چشم جنگ جو　　　جمعیتے ز زلف پریشانم آرزوست
بادِ چمن علاجِ تپِ دل نمی کند　　　عیسیٰ دمی ز گوشۂ دامانم آرزوست

نہ کردہ جلوہ بتِ شوخ و باختم دل و دیں — اگر برافگند از رخ نقاب را چہ کنم

توانم ایں کہ لبِ خود بہ مے نیالایم — سیاہ مستیٔ عہدِ شباب را چہ کنم

خلق را بسکہ گمانہاست بہ ہشیاریٔ خویش — جلوہ فرماؤ یکے بپرس کہ ہشیار کجاست

آپ کے کلام میں بیان کی سلاست اور زبان پر قدرت کی مثالیں بکثرت ہیں مثال کے طور پر وہ نظم پڑھیے جو "کسی" کے ریمارک کے جواب میں تحریر کی ہے۔ آغاز یہ ہے:۔

اے کہ از غایتِ لطافتِ طبع — سحرِ نوبہار را مانی

خاتمہ کا شعر سننے کے قابل ہے۔

گفتۂ طالب رضائے توام — من ویزداں کہ من فدائے توام

ایک جگہ لکھتے ہیں:۔

حسرت ز بوئے باغ دماغم نمی رسد — بوئے وفا ازاں گلِ خنداںم آرزوست

دماغ رسیدن فارسی میں مست و سرخوش ہونے کے معنی میں آتا ہے۔ کہیں کہیں کلام میں شوخی اور بے باکی کی ادا بھی جھلکتی ہے۔

چوں نخواہد داشت تاب بوسہائے بیدریغ — آں لبِ میگوں برنگِ یاسمن خواہد شدن

نکشیم منتِ بختِ بلند خود روزے — کہ در کشیم ببر آں بلند بالا را

ممکن ہے کہ بعض ثقہ طبائع ان اشعار پر چیں بہ جبیں ہوں۔ مگر جذبات کے دریا کا بند باندھنا آسان نہیں۔ چلتے چلتے دو شعر تعلّی اور زور بیان کے بھی سنتے جائیے فرماتے ہیں:۔

از بدخشاں لعل و از عمّان گہر — جوہرِ طبعم ز کانے دیگر ست

نغمہ ہائے طوطی و بلبل خوش است — حسرتِ ما را فغانے دیگر ست

ان چند سطور پر یہ تقریب ختم کرنے سے پہلے پہل اپنے مخدوم حضرت نواب صدر یار جنگ بہادر

مدظلہ العالی کا شکر گذار ہوں کہ آپ نے بغایت ذرّہ نوازی مجھے اپنے کلام فارسی کو طبع کرانے اور شائع کرنے کی سعادت بخشی۔ ع

گُلاہِ گوشۂ دہقاں بآفتاب رسید

استاذی پروفیسر مولانا ضیاء احمد صاحب بدایونی کا بھی منّت گذار ہوں کہ اِس خوش گوار فرض کی ادائیگی میں آپ نے میرا ہاتھ بٹایا۔ فجزاھم اللہ خیر الجزاء[1]

سلطان جہاں منزل
علی گڑھ

سیّد الطاف علی بریلوی

یکم مئی ۱۹۴۹ء

---

[1] "خوش گفتی و دُر سُفتی" حسرت شروانی

غزل فارسی

(از خامہ نواب صدر یار جنگ بہادر مدظلہ)

حسن اتفاق کا کرشمہ دیکھو۔ حکومت عرب سے عجم کا آزاد ہونا اور فارسی لٹریچر کا ادب عرب کی حکمرانی سے نکلنا ساتھ ساتھ ہوا۔ عجمی فرماں روا فتوح عرب کی روح کے حلقہ بگوش رہے۔ یعنی انھوں نے مسلمان رہ کر سلطنت کی۔ اسی طرح فارسی شاعری جانِ نظم عروض وقافیہ میں عربی شاعری کے تابع فرماں رہی۔ صورت کو چھوڑ کر معنی کو دیکھو تو متنبی اور خاقانی اپنی بلند پروازیوں میں خیالات کے ایک ہی آسمان سے تارے توڑ کر صفحۂ کاغذ کو منوّر کرتے ہیں۔ دولت شاہ نے اپنے تذکرے میں شعرائے فارسی کے دَور قائم کئے ہیں۔ مقدمہ میں متنبی وغیرہ شعرائے عرب کا ذکر کیا ہے اور اس طرح فارسی شاعری کی ابتدا کو عربی شاعری کی انتہا سے ملا کر سلسلہ مسلسل کر دیا ہے۔

فہم انسان کی نارسائی دیکھئے۔ جس چیز کی آغاز کی تلاش میں اُٹھتی ہے انجام کار قیاس کی بھول بھلیّوں میں سرگردانی اُٹھاتی ہے۔ یہی حال فارسی شاعری کی ابتدا کا ہے۔ بہرام گور کا عالم سرخوشی میں پہلا مصرع کہنا۔ یعقوب لیث کے چھوٹے سے بچّے کی زبان سے موزوں مصرع کا نکل جانا، مٹے سے نشان ہیں جو پیک خیال کو منزل مقصود تک نہیں پہنچا سکتے۔ قیاس کی مکر چاندنی سے نکل کر واقعات کی صبحِ صادق کے نور میں آؤ تو رودکی کا دل کش ترانہ سامعہ نواز ہوتا ہے۔

اس پُرشکوہ قافلہ کی قافلہ سالاری ابوالحسن[1] رودکی کی قسمت میں تھی۔ دربار سامانی

---

[1] ابوالحسن عبداللہ رودکی سمرقندی مادح امیر احمد نصر سامانی والی بخارا وفات نصر سامانی ۳۳۱ سنہ ہجری

کی عظمت کے جہاں اور سازوسامان تھے وہاں ملک الشعرا رودکی کا طمطراق بھی تھا جس کی جلو میں دو سو زرّیں کمر غلام چلتے تھے۔ قلندر مزاج شعرا اگرچہ ہمیشہ رودکی کی شوکت کے خیال میں رہے۔ لیکن یہ دل کش خواب پھر بہت ہی کم نظر آیا۔ ظاہر ہے کہ اس اوج موج میں مواجِ خیال کے حوصلے قصیدے ہی کے میدان میں نکل سکتے تھے۔ ہجری چوتھی صدی کا آغاز رودکی کا دور ہے۔ اس زمانہ سے سعدی کے زمانہ تک (وفات سعدی ۶۹۱ سنہ ہجری) قصیدے کا دَور اور زور سمجھنا چاہیئے۔ اس چار سو برس کے عرصے میں قصیدے نے نشو ونما کے مختلف مدارج طے کئے۔ بچپن سے لڑکپن، لڑکپن سے جوانی، جوانی سے کہولت، کہولت سے بڑھاپا۔ زندگی کی یہی منزلیں ہیں۔ یہی منازل قصیدے کو پیش آئیں۔ خاقانی[1] کا زمانہ (چھٹی صدی ہجری کا درمیانی حصّہ) قصیدے کے شباب کا زمانہ تھا۔ دورِ شباب زور و شور کا زمانہ ہے۔ اس وقت کے قصائد مبالغہ کے زور میں طوفان سے بھی بڑھ چڑھ کر ہیں۔ جوانی اور جنون کا ڈانڈا ملا ہوا ہے۔ شباب قصیدے کی مدّاحی ستائش کا جنون ہے۔ ممدوح زمین پر ہے وہ آسمان پر بتا رہے ہیں۔ ہاتھ کے اشارے سے دکھاتے ہیں۔ کوئی نہ دیکھے تو ہاتھ سے اُس کا منھ اوپر کو اُٹھا دیتے ہیں۔ نہ مانے تو دلیل سے سمجھاتے ہیں۔ اس پر بھی نہ سمجھے تو ہجو سے سمجھاتے ہیں۔ سلح خانے کی چھت سے ہمیشہ چرخ ہفتم کے فرشتے تنگ رہے۔ اگر ٹاٹو اتنا اونچا نہ ہو تو مریخ دوز نیزے کہاں رکھے جاتے۔ ڈربی کی گھوڑ دوڑ میں تیزی رفتار کا معیار سکنڈ اور منٹ ہیں۔ ہمارے شعراء کے ممدوحوں کے گھوڑے صدہا برس ہوئے اس

---

[1] خاقانی شروانی وفات ۵۹۵ سنہ ہجری

ریکارڈ کو توڑ چکے ہیں۔ یہ چند منٹ اور سکنڈ میں "اسکائی ریس (Sky race) کا دَور پورا کرتے ہیں۔ وہ چشم زدن میں دَور فلک سے باہر نکل جاتے ہیں۔ مبالغہ کے مضامین پر خواہ ہنسو خواہ سوسائٹی کے مذاق سے عبرت حاصل کرو لیکن شکوہِ کلام، قوتِ ادا، زورِ بیان اور روانیٔ سخن کو دیکھ کر تم بے اختیار آفریں کہہ اٹھو گے شباب کے بعد پیری ہے۔ پیری میں شباب کی باتیں خواب کی باتیں ہیں۔ مرزا غالب بہادر شاہ کی مدح میں وہی مضامین صرف کرتے ہیں جو عنصری نے سلطان محمود کی ستائش میں باندھے تھے۔ یہ خیال کا خواب نہیں تو کیا ہے۔ بیان میں سحر کی تاثیر ہے۔ غالب وقاآنی کی جادو بیانی قصیدے کے ناتوان جسم میں پھر روحِ جوانی پھونک گئی۔

قصیدہ جس قدر منجھتا گیا اُسی قدر اُس میں سے مغلق الفاظ، دشوار ترکیبیں اور مشکل مضامین چھٹتے گئے۔ جہاں قصیدے کی سرحد غزل سے ملی ہے وہاں قصیدے کی صفائی غزل کی روانی سے ہمدوش ہے۔ شعراء کے چوتھے طبقہ میں کمال اصفہانی ہے جس کو دربارِ کمال سے "خلاق المعانی" کا خطاب ملا ہے۔ اس کے قصیدے کی صفائی تیغ اصفہانی کے جوہر کو شرماتی ہے۔ اسی طبقہ میں غزل گویوں کے امام شیخ سعدی جلوہ فرما ہیں۔ اُن کا کلام "کالملح فی الطعام" ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اُن کا دیوان "شعرا کا نمک دان" کہلایا۔ صفائی کلام کے علاوہ غزل کے لئے شکستگی و خستگی بھی درکار ہے۔ جب غزل کے فروغ کا زمانہ آیا تو شکستگی و خستگی کے اسباب بھی پیدا ہو گئے۔ ساتویں صدی میں تاتار سے ایک سیلابِ بلا اُمڈا جو عجم کو تاخت تاراج کرتا ہوا نکل گیا۔ یہ ایک قہر تھا جس نے سارے کارخانے

درہم برہم کر دیئے۔ دربار لٹ گئے۔ تاجداروں کے سر کٹ گئے۔ گرمیٔ ہنگامہ کا فور ہوئی اور ہر طرف افسردگی چھا گئی۔ اس سے بہتر وقت غزل کے فروغ کے واسطے کون سا ہو سکتا تھا ؎

مری تعمیر میں مضمر ہے اک صورت خرابی کی
ہیولیٰ برقِ خرمن کا ہے خونِ گرم دہقاں کا

یہی زمانہ ہے کہ شیراز سے غزل کا ترانہ بلند ہوا۔ جس طرح ملکی سلطنت بدلی اسی طرح کشورِ سخن کا انقلاب ہوا۔ خلافت کا چشم و چراغ مستعصم بغداد میں شہادت سے سرخرو ہوا۔ اصفہان میں کشور قصیدے کے تاجدار کمال اصفہانی کو سعادتِ شہادت نصیب ہوئی۔ عبرت کا تماشا دیکھو۔ جس قتلِ عام نے قصیدے کا تاج اتارا اسی نے غزل کو تختِ اقبال پر بٹھایا۔ یہی تاتاریوں کا ہنگامہ تھا جس نے سعدی کی طبیعت میں افسردگی و شکستگی پیدا کی۔ اس طرح زوال قصیدہ اور کمالِ غزل ایک ہی سبب کے دامن سے وابستہ ہیں۔ سعدی کے سینے میں عشق کا سوز اور دماغ میں حکمت کا نور نہاں تھا۔ سوزِ غزل کے پردے میں چمکا۔ حکمت کی بُو گلستاں، بوستاں میں مہکی۔

عام طور پر شیخ سعدی غزل کے مجتہد اوّل مانے گئے ہیں۔ تلاش اس کو غلط ثابت کرتی ہے۔ تقدم کا شرف خواجہ سنائی غزنوی کو حاصل ہے۔ خواجہ ممدوح دوسرے طبقہ میں ہیں۔ ان کے معاصر خاقانی و انوری کی غزل قصیدے کا اترا ہوا خاکہ ہے۔ لیکن خواجہ کی غزل میں وہ صفائی اور ملاحت ہے۔ جو آگے چل کر حافظ اور سعدی کا حصہ ہو گئی۔

یہ ضرور ہے کہ سعدی سے پہلے غزل قصیدے سے دبی ہوئی تھی۔ شیخ کے زورِ طبع نے اُس کو اتنا بلند کر دیا کہ اُس نے قصیدے کو دبا لیا۔ امیر خسرو نے سوز و گداز کو چمکایا۔ حسن دہلوی نے لطافت سے اُس کا حسن دو بالا کیا۔ سعدی کے بعد سلمان ساوجی اور عبید زاکانی باکمال قصیدہ گو گزرے ہیں۔ اُنھوں نے قصیدے کو اُبھارا۔ لیکن پھر اُس کا رنگ نہ جما۔ دولت شاہ نے سلمان ساوجی کے دَور کو غزل گویوں کا دَور لکھا ہے۔ قصیدے کے ساتھ ہی ساتھ مثنوی بھی عالمِ وجود میں آئی ہے۔ لیکن عجیب بات ہے کہ قصیدے کے عہد میں قصیدے اور غزل کے دَور میں غزل سے دبی رہی۔ دَورِ اوّل میں اساتذۂ مثنوی فردوسی، سنائی۔ عطّار، خاقانی، مولانائے روم اور نظامی وغیرہ گزرے ہیں۔ دَورِ ثانی میں سعدی خسرو، جامی، خواجو، فیضی، ظہوری، زلالی وغیرہ، مثنوی کا اشکال اس سے واضح ہوتا ہے کہ ابتدا سے انتہا تک مشکل سے تیس ۳۰ چالیس ۴۰ مثنوی گو ایسے نکلیں گے جو شہرت کے دربار میں باریاب ہوے ہوں۔ حال آں کہ قصیدہ اور غزل کے استاد صدہا مشہور ہیں۔

ہم نے تفحص کے بعد غزل کے بارہ دَور قائم کئے ہیں۔ ہر دَور میں جن اساتذہ کا دَور دَورہ رہا اول اُن کے نام تقدیم و تاخیر کی ترتیب سے لکھے ہیں۔ پھر ہر ایک کے کلام کا نمونہ دکھایا ہے۔ اور اپنی فہم ناقص کے مطابق ہر دور کی خصوصیتیں جتائی ہیں۔ خاتمۃ الباب شیخ علی حزیں ہیں۔ بنارس جا کر ان کی قبر دیکھو۔ بیکسی کہہ رہی ہے کہ باغِ سخن کا بلبل زار نالوں سے چور، حسرتِ بہار کو دل سے لگائے یہیں سو رہا ہے۔ پتھر کا دل ہوگا جو سنگِ مزار کے اشعار پڑھ کر بے تاب نہ ہو جائے گا۔ اشعار سے

زباں دانِ محبت بودہ ام دیگر نمیدانم — ہمیں دانم کہ گوش از دوست پیغامے شنید ایں جا

حزیں از پائے رہ پیما بسے سرگشتگی دیدم — سر شوریدہ بر بالینِ آسایش رسید ایں جا

دلِ حزیں سے یہ مضمون غزل کا مرثیہ بن کر نکلا ہے۔ جو جوشِ جنوں صدہا برس فارس، عراق عجم، خراسان، ماوراءالنہر اور ہندوستان کی خاک چھانتا رہا آخر ٹھنڈا ہو کر کاشی کی سرزمین میں خاک میں مِل گیا۔ اگر یہ سچ ہے کہ بنارس میں قیدِ حیات سے آزاد ہونے والے پھر جنم نہیں لیتے تو مان لو کہ اب قیامت تک غزل فارسی اسی قبر کی مجاور رہے گی۔ ظاہری اسباب کی تیکھی چتون بھی یہی اشارہ کرتی ہے۔ لوحِ مزار کا آخری شعر اسی انجام کی خبر دے رہا ہے۔ شعر

روشن شد از وصالِ تو شبہائے تارِ ما

صبحِ قیامت است چراغِ مزارِ ما

دورِ اوّل۔ ابوالفرج رونی۔ منوچہری دامغانی۔ مسعود سعد سلمان۔

دورِ دوم۔ عبدالواسع جبلی۔ خاقانی شروانی۔ انوری ابیوردی۔ ادیب صابر۔ خواجہ سنائی غزنوی۔ ظہیر فاریابی۔ سیف الدین اسفرنگی۔

دورِ سوم۔ نظامی گنجوی۔ شاپور نیشاپوری۔ خلاق المعانی کمال اصفہانی پور بھائی جامی

دورِ چہارم۔ خواجہ فرید الدین عطار نیشاپوری۔ مولانا جلال الدین رومی۔ شیخ سعدی شیرازی۔ اوحدی مراغی۔ عراقی ہمدانی۔ ہمام تبریزی امیر خسرو دہلوی۔ خواجہ حسن دہلوی۔ خواجہ کرمانی۔

دورِ پنجم۔ سلمان ساوجی۔ حسن متکلم۔ ناصر بخاری۔ خواجہ حافظ شیرازی۔

کمال خجندی۔

دَورِ ششم ۔ سید نعمت اللہ قدس سرہٗ۔ سید قاسم انوار قدس سرہٗ۔ خواجہ عصمت بخاری۔ کاتبی۔ شیخ آذری۔

دَورِ ہفتم ۔ شاہی سبزواری۔ امین ترلابادی۔ درویش قاسم تونی۔ طاہر بخاری۔

دَورِ ہشتم ۔ مولانا جامی۔ خواجہ آصفی۔ ہلالی استرآبادی۔ اہلی خراسانی۔ بنائی ہروی۔ سہیلی۔

دَورِ نہم ۔ بابا فغانی شیرازی۔ لسانی شیرازی۔ میلی ہروی۔ غزالی مشہدی وحشی یافقی۔ محتشم کاشی۔ ولی دشت بیاضی۔

دَورِ دہم ۔ نقی کمرہ۔ ملک قمی۔ ظہوری ترشیزی۔ شفائی اصفہانی۔ نظیری نیشاپوری۔ عرفی شیرازی۔ فیضی اکبرآبادی۔ ثنائی مشہدی۔ شاپور طہرانی۔ طالب آملی۔ اسیر شہرستانی۔

دَورِ یازدہم ۔ صائب تبریزی۔ سلیم طہرانی۔ کلیم ہمدانی۔ صیدی طہرانی۔ شوکت بخاری۔ طاہر قزوینی۔ فطرت مشہدی۔ عالی شیرازی۔

دَورِ دوازدہم ۔ (خاتمۃ الباب) شیخ علی حزین لاہجانی۔

دَورِ اوّل ۔ ابو الفرج رونی۔ منوچہر دامغانی۔ مسعود سعد سلمان۔

ابو الفرج رونی (مادح ابو علی سیمجور تھا۔ جو قبل ظہور دولت سلطان محمود سلاطین سامانیہ کی طرف سے صوبۂ خراسان میں گورنر تھا۔ وفات ابو علی سیمجو ۳۸۷ ہجری) ھ

بیا مدی صنما بر در دیپائے بنشستی — دلم ز دوست بروں بردی و در دروں جستی
نہ مست بودی و پنداشتم کہ چوں مستاں — ہمیں بہ حیلہ شناسی بلندی و پستی
سہ روز شد پس ازاں تا ز درد فرقتِ تو — نہ ہوشیاری دانم کہ چیست نہ مستی
درست گشت کہ جانِ منی بدیں معنی — کہ تا ز من بگسستی بہ من نہ پیوستی
بہ جانِ جاناں اگر تو بدستِ خویش دلم — چنانکہ بردہ امروز باز نفرستی

ولہٗ

چہ دلبری چہ عیاری چہ صورتی چہ نگاری — نہ گاہ خلوت جفتی نہ وقت عشرت یاری
بغمزہ عقل گدازی بچنگ چنگ نوازی — بوعدہ روبہ بازی بہ عشوہ شیر شکاری
چو بوئے خواہم رنگی چو صلح جویم جنگی — چہ راست دانم لنگی چہ خوست ایں کہ تو داری
نہ سوزی و نہ بسازی نہ کاہی و نہ فزائی — نہ بندی و نکشائی ۔ چہ دیو دست سواری
شگفت یوسف روئی چرا نہ یوسف خوئی — بلے قرینہ روئی ۔ ولیک گرگ بیاری

منوچہر دامغانی (سلطان محمود غزنوی کے زمانہ میں تھا) جلوس سلطان محمود سنہ ۳۸۷ھ وفات سنہ ۴۲۱ ہجری ہے

رخت اے دلبر عیار یار — نیست مرا نیز دگر بار بار
وز رخ رخشاں تو گلنار گشت — بر دلِ من ریختہ گلنار نار
چشم تو خونخوارہ ہر جادوے — ماندہ ازاں چشمک خونخوار خوار
بندہ ہوادارہ و ہواخواہ تست — بندہ ہواخواہ وفادار دار
دکن اے کودک و بردار جور — مہر پیش آرو ۔ بردار وار
اے تو دل آزار و من آزردہ دل — دل شد از آزار دل آزار زار

ولہٗ

اے با عدوے ما گو رندہ زکوے ما — اے ماہروے شرم نہ داری زروے ما
نامم نہادہ بودی بہ بد خواہ جنگ جو — با ہر کسے ہمی گلہ کردی زخوے ما
جستی و یافتی دگرے بر مراد دل — رستی زخوے ناخوش و از گفتگوے ما
اکنوں بجوے اوست رواں آب عاشقی — آں روز شد کہ آب گزشتے بجوے ما
گوئید سرد تر بود آب از سبوے تو — گرم است آب ما کہ کہن شد سبوے ما
اکنوں یکے بکام دل خویش یافتی — چندی بہ خیرہ خیرہ چہ گردی بکوے ما

مسعود سعد سلمان جرجانی (مادح سلطان محمود و مسعود و ابراہیم غزنوی) جلوس سلطان مسعود سنہ ۴۲۱ھ وفات سنہ ۴۳۲ھ۔ جلوس سلطان ابراہیم سنہ ۴۵۱ھ وفات سنہ ۴۸۰ھ

آمد آہستہ با کرشمہ و ناز — دوش نزد من آں نگار طراز
زلف پُر پیچ بر شکستہ بہ گل — چشم پُر خواب سرمہ کردہ بناز
بر نہادہ بر ابرواں چوگاں — تیر غمزہ بچشم تیر انداز
گفتمش چوں روی بنومیدی — جنگ مانند مار کرد آغاز
اے نیازے مرا نیاز بہ تست — در چہ دارد بمن زمانہ نیاز

من چو پرداختم بمہر تو دل
تو زمانے بوصل من پرداز

ولہ

اے سلسلۂ مشک فگندہ بقمر بر
خندیدہ لب پرشکر تو بہ شکر بر

چوں قامتِ تو نیست سہی سرو خراماں
چوں چہرۂ تو نیست گلِ لعل ببر بر

چندان غم و اندوہ فراز آمدہ در دل
کاندودہ شدہ اندہ و غم یک بدگر بر

دل شد سپر جاں ز نہیبِ مژۂ تو
تا چوں مژہ زخمے زندآخر بہ جگر بر

تا ہجر نشستہ است بہ نزدیک تو ساکن
ایں وصل سراسیمہ بماندہ است بدر بر

بر تو گذرم روئے بتابی ہمی از من
گوئی کہ ندیدی تو مرا جز بگذر بر

من بر تو ہمی ہر چہ کنم دست نیابم
اے رشک قمر دست کہ یابد بقمر بر

ریویو دور اول کے جن اساتذہ کی چند غزلیں ملیں درج کی گئیں، نمونۂ انداز کے لئے کافی ہیں۔ عبارت و معنی دونوں پر غور کیجئے۔ مطلع ہے، غزل کے کل شعر ہم قافیہ و ہم ردیف ہیں۔ مقطع نہیں۔ بندش اور الفاظ کی ترکیب لفظی صاف کہہ رہی ہے کہ قصیدہ گویوں کا کلام ہے۔ نزاکت و لطافت، استعارہ و مجاز (جو جانِ غزل ہے) معدوم ہے۔ جوش و ولولہ اور سوز و گداز بھی نہیں۔ ان صفات کے پیدا ہونے کے دو بڑے سبب ہیں۔ ایک تصوف، دوسرا سوسائٹی کا رنگ۔ تصوف ان شعرا میں نہ تھا سوسائٹی سپاہ کے نعروں اور ہتھیاروں کی جھنکار سے گونج رہی تھی۔ نزاکت کہاں بار پاتی۔ سوز و گداز کو مصروفِ کارزار سپاہی زادہ کیا جانے۔ وہ لوگ سومنات کو دار الشرک ہونے کے لحاظ سے قابل فتح جانتے تھے۔ رہا میں

سوز و گداز یا حسن کا جلوہ دیکھنا یہ نازک خیالی متاخّرین کے حصّہ میں آئی۔ غالبؔ کہتے ہیں ؂

بہ سومناتِ خیالم درآے تا بینی
رداں فروز برد دوشہاے زنّاری

ابوالفرج رونی اور منوچہری کی غزلیں پڑھ کر جب مسعؔود سعد سلمان کی غزل میں یہ شعر نظر آتا ہے ؂

زلف پُر پیچ بر شکستہ بہ گل
چشم پُر خواب سُرمہ کردہ بناز

تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ ایک چٹیل میدان کے بعد کوئی سبزہ زار آنکھوں کے سامنے آگیا۔ اس سے اندازہ ہوسکتا ہے کہ استعارہ و تشبیہ و لطافت، غزل کے واسطے کہاں تک ضروری ہے۔ مسعؔود کا زمانہ سلطان ابراہیم بن مسعود کے عہد تک رہا۔ یہ عہد بہ مقابلہ سلطان محمؔود و مسعؔود کے آسائش کا عہد تھا۔ سلجوقیوں سے صلح ہوگئی تھی۔ ابراہیم کے حوصلے اتنے بلند نہ تھے جو محمؔود و مسعؔود کی طرح سوسائٹی میں تلاطم برپا رکھتے۔ غالبًا اسی آسائش و امن کا رنگ مسعؔود سعد سلمان کی غزل میں جھلک رہا ہے۔

خلاصہ یہ کہ ایک مصروف کارزار سوسائٹی کو جس قدر سوز و گداز و محبت کے مضامین پر غور کرنے کی فرصت مل سکتی ہے اُسی قدر سرمایہ اُس دور کی غزل میں ہے۔ ان غزلوں کے انداز سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ دشتِ قفچاق کا سیدھا سادہ ترکمان اپنے محبوب سے بات چیت کر رہا ہے۔ مضامین کو

دیکھو تو سمجھ جاؤ گے کہ جو مضامین غزل کے لئے روح رواں ہیں وہ اُس عہد میں پیدا ہو چکے تھے۔ معشوق کی جفا کاری، بے وفائی، وعدہ خلافی مستِ ناز ہونا، رقیبوں کے ساتھ اختلاط، عاشقِ صادق سے بے گانگی، ہرجائی ہونا، فراق کے ستم، وصال کی آرزو، سوزِ عشق، عشاق کی وفاداری، اخلاق، آزردگی، خستگی، انتظار، زمانہ کی دشمنی، اشک باری، جامہ دری، بے صبری، زرد روئی، ان کی آنکھ کی تشبیہ ابر سے، چشمِ معشوق کی خونخوارگی، بدمستی، پُرخوابی، جادوگری، تیر افگنی، بیماری، مژگاں کی تیر اندازی۔ ابرو کی کمان و چوگاں سے تشبیہ۔ رخ کی تشبیہ گل لالہ و ماہ سے لب کی صفات، پُرشکر۔ لب لعل مثل شراب (مرجان) ہونا زلف کے اوصاف۔ مشک و عنبر و قیر نامۂ گنہگاراں[1]۔ آشفتگی۔ پُرپیچ۔ قد کی سروسہی سے۔ رفتار کی کبک دری سے معشوق کے خطاب۔ تُرک، نگار، کودک، پسر، دوست، لعبت، بُت، صنم صفاتِ معشوق، کمر بستہ ہونا، دلبر، عیار، حوری لقا، نازنین، پریرو، سیم ذقن، پستہ لب، بنفشہ مو، سوار (قاصد) کبوتر، باز۔

آج لوگ ایشیائی شاعری کے مضامین کو ان نیچرل (Unnatural) بتاتے ہیں۔ تم اوپر کے مضامین کو غور سے دیکھو۔ عہد محمود و مسعود کا تصوّر باندھو۔ خراسانیوں کی افتاد مزاج اور رسوم پر نگاہ ڈالو۔ غزنین اور خراسان کی جغرافیائی حالت سوچو، پھر انصاف سے کہو کہ ان میں کون سی بات ان نیچرل ہے۔

---

[1] دیکھو زلف کی تشبیہ "نامۂ گنہگاراں" سے کیا اشارہ کر رہی ہے۔ ۱۲

جب معشوق کی نگاہِ کرم دل میں زخم پیدا کردے تو ایک جنگ جو جو رات دن تیر و شمشیر کے زخم لگاتار کھاتا رہا ہو اُس حالت کو تیغ زنی و تیر افگنی سے بڑھ کر کس پیرائے میں بیان کر سکتا ہے۔ وہ بنفشہ کا پیچ و تاب، کبک دری کی مستانہ خرامی، سرو کی راستی، گل و لالہ کی رعنائی رات دن دیکھتے رہتے تھے۔ پھر اگر ان چیزوں کو وہ اپنے کام میں لائے تو قانونِ فطرت کی رُو سے کس جُرم کے مرتکب ہوئے۔ درباروں کا شکوہ، مشک و عنبر، مرجان وغیرہ تکلف کے سامان ہمہ وقت پیشِ نظر رکھتا تھا، انھوں نے ان کا نام لیا تو کیا بُرا کیا۔ اصل یہ ہے کہ خود ہماری نیچر بدل گئی۔ اس کا کوئی علاج نہیں۔ اس دَور کا کلام جہاں تک ہم نے دیکھا اس سے معلوم ہوتا ہے کہ حسبِ ذیل مضامین اس وقت تک غزل میں نہیں آئے تھے۔

واعظوں پر پھبتیاں، اُمورِ دین کا استخفاف، معجزات کی بے ادبی، مے و میخانہ، دیر و بتخانہ، لوازم آتش پرستی، بلبل و گل، شمع و پروانہ، انداز و ادا، لب کی صفت میں آبِ حیات و زندگی بخشی۔ آنکھ کی تعریف میں قاتل و کشتن خط و خال وغیر ذالک۔

یہ دَور غزنین و بخارا میں گزرا ہے جو فقہ وغیرہ علوم دینیہ کے اور علماء کے اثر کے مرکز تھے۔ سلطان محمود و مسعود کے حالات پڑھو۔ تو معلوم ہوگا کہ دونوں پر علماء کی صحبت کا کیا اثر تھا۔ اس حالت میں جو باتیں خلافِ دین تھیں وہ بآسانی قلم سے نہیں نکل سکتی تھیں۔ گل و بلبل چمنستانِ غزل میں آنے کے لئے غالباً بہارِ شیراز کا انتظار کر رہے تھے۔ شمع و پروانہ

بزمِ عیش و عشرت کے لوازمے ہیں۔ میدانِ جنگ میں عیش و عشرت کہاں۔ لب کی حیات بخشی آنکھوں کا قاتل ہونا۔ نزاکت و لطافت کے جوہر ہیں جو متاخرین کی جانکاہیوں سے چمکے۔ دَورِ اول میں ان مضامین کا نہ ہونا ہماری شاعری کی حد درجہ نیچرل ہونے کی دلیل ہے۔

بوستانِ حسرت

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

(از بیاض سنہ ۱۳۰۳ھ) بر مطلع مشہور

الٰہی چون سپہرم سینہ بکشا
دلم طوطی کن و آئینہ بنما

الٰہی جان و دل وارستہ فرما
دلم بلبل کن و گلدستہ بنما

الٰہی مشرقِ خرشید الفت ساز جانم را
ز نورِ حسنِ بے پایاں فروزاں کن بیانم را
خداوندا نثارِ روئے جاناں ساز جانم را
نوائے جان و تن سوزی عطا فرما زبانم را

نیّرِ رخشاں

عشوۂ رہ زنِ دیں شد منِ حیرانے را
کہ ازو نیست بجا ہوش مسلمانے را
گر بگردی بہ بیابانِ مدینہ یابی
کردہ ہر ذرّہ بسر نیّرِ رخشانے را
بنما جلوۂ زاں چہرۂ رشکِ مینو
تا کنی روکشِ جنت دلِ ویرانے را
بر سرِ گورِ غریباں چو بیائی روزے
بینی افتادہ بہر گوشۂ ارمانے را

عہ

دل پر پرڈے اگر بردہ ز من نیست عجب

اہرمن بردہ ز کف مہر سلیمانے را

اے نسیمِ سحری رشحۂ فیضے ز آں کو

تا زنی آب تسلّی دل سوزانے را

جز دو زلفش کہ خوش آسودہ بقربِ عارض

کہ نشاں یافتہ آسودہ پریشانے را

گر خرامی بصفاہانِ خیالم بینی

رونما خواستہ ہر جلوہ ایرانے را

طبع حسرت بروانی ست ازاں دُردانہ

گوہرے گشتہ سببِ جوشِ عمّانے را

۱۴؍ صفر المظفر سنہ ۱۳۱۹ھ

عہ پسندیدہ جناب خواجہ عزیز الدین صاحب عزیز لکھنوی۔ ۲۹؍ جمادی الآخر سنہ ۱۳۱۹ھ

بر طرح مرزا صائبؔ مرحوم

ازلبِ شیریں ادائے گشتہ شیریں کامِ ما
بخت را نازم کہ شد آرام جانی رامِ ما

پرتوے تا یافتہ از جلوۂ ماہِ عرب
صبحِ صادق رشک از بر صفائے شامِ ما

گر بہا تر دامنی بر زہدِ خشکِ ما کند
ننگ دارد نام بد از ننگ ما و نامِ ما

طبلۂ عطار از بوئے خوشش باشد مشام
رشکِ گلشن بستر ست از سروِ گل اندامِ ما

عـہ هر کہ دولت یافت شُست از لوحِ خاطر نامِ ما۔

از وفورِ انتظارِ آں تذروِ خوش خرام
حلقہائے چشم گشتہ حلقہائے دامِ ما
سالہا شد در بیابانِ طلب سرگشتہ ایم
آں غزالِ خوش ادا روزے نگشتہ رامِ ما
زاتصالِ عارضِ پرنور و زلفِ مشک فام
گشتہ ہم آغوش گویا صبحِ ما و شامِ ما
کے بود ما را ہوائے آبِ انگوری کہ ہست
لعلِ نوشش نقلِ ما و چشمِ مستش جامِ ما
ہمتِ ما سر تہی آرد بمال و زر فرود
دولتِ ما بس بود آں شوخ سیم اندامِ ما
رہروانِ شوق از ما سالہا آرند یاد
نقشہا انگیخت در راہِ محبت گامِ ما

گرچہ دوریم از حریمِ جانفزائے وصل لیک
خوش بیادِ دوست می آید بسر ایّامِ ما
از سرِ ما شد بروں حسرت ہوائے سیرِ باغ
زینت کاشانہ تا شد شوخِ گل اندامِ ما

۱۳ ربیع الاوّل ۱۳۱۹ھ

بر طرح خواجہ حافظ شیرازیؒ

حیات تازہ خیال لبت تمنا را
نوید عیش بہار رخت تماشا را
نگاہ گرم نتابد عذارِ گلگونش
بخواب بینم اگر آن نگار رعنا را
بجان شوق زنی آتشے ز تابشِ حسن
بچشم مہر فزائی رواں تمنا را
ز تاب جلوہ کند تا نگاہ را مدہوش
بنور بادہ بر افروخت روئے زیبا را
کشیم منت بخت بلند خود روزے
کہ در کشیم ببر آں بلند بالا را

شکستهٔ رنگ گلستاں بہار رخسارت
لب چو لعل تو در خوں نشانده صهبا را
فغاں که آں بت شنگول هوش و سرت
بجلوهٔ نه نوازد حبیب شیدا را
ز شور پستهٔ تو گشته عیش شیریں تلخ
ز تاب زلف تو تارست روز لیلیٰ را
دم کلام چو تنگ نبات بکشائی
شکر بکام کنی طوطیٔ شکرخا را
دلم عـ۵ بساغر و مینا نهی کشد حسرت
که برده نرگس مستانهٔ ز خود ما را

عـ۵ این شعر را خواجه عزیزالدین عزیزؔ لکھنوی پسندیده ۱۲ – (۱۳ رجب سنه ۱۳۱۹ھ)

بر طرح میرزا صائبؔ مرحوم

احاطہ کرد خط آں آفتاب تاباں را
گرفت خیلِ پری درمیاں سلیماں را
جمالِ روئے تو داغ ست ماہِ تاباں را
بہار کوئے تو خارے بدل گلستاں را
زچشم سرخوش ساقی اشارہ کافیست
دلم بہانہ جوید شکستِ پیماں را
زمینِ اشک عدن در کنار دامانم
زفیضِ داغ گلستاں بیرگریباں را
فدائے زخم نگاہت ہزار مرہم باد
نثارِ دردِ تو سازم ہزار درماں را

بہجر کوئے تو روزم گلیم شب بر دوش
ز تاب روئے تو روزے شبِ شبستاں را
ز نور عارض تو رختہا بظلمت کفر
بکفر زلف تو روے نیاز ایماں را
بیاد روئے تو یارب زدم بشوقے دوش
کہ دل ز دست شد از فرط ذوق زنداں را
ز جور ہجر تو جانم فگار و دل ریش ست
صبا بعجز رساں ایں پیام جاناں را
شفق بشوق لب لعل تو جگر خوں کرد
سحر بیاد رخت چاک زد گریباں را
جنوں بجوش و نماندہ است دامنے با من
سزد کہ چاک زنم دامن بیاباں را

سخن ز ظلمت و آبحیات کوتہ کن
میان زلف سیاہش نگر زنخداں را
تبسم تو نسیم چمن سپے حسرت
نگاہ مہر چو موج حیات ارماں را

۹؍ جمادی الآخر سنہ ۱۳۲۰ھ

بالبداہہ

بہ منشی امتیاز علی خاں عرشی

ناظم کتاب خانۂ ریاستِ رامپور

باستدعاے قدوم

حبیب منزل

ز قدوم خویش نازشے بادلِ بانیاز بخش
بہ حبیبِ بینوائے خود طرۂ امتیاز بخش

۲۰ ذی الحجہ ۱۳۶۳ ہجری

بر غزل نظیری نیشاپوری

جذا عشق کہ ناکام بکام ست اینجا
جستنِ خواہشِ دل جملہ حرام ست اینجا
مستی و بیخبریہاست ہمہ در رہِ شوق
بصلاح و ورع و عقل سلامست اینجا

در رہِ عشق خرد مند بماند حیراں
عقلِ کل سر بگریباں چہ مقامست اینجا
وا اسفا مملکتِ عشق دیاریست غریب
کہ شہِ غازی محمود غلام ست اینجا

نقشِ اوّل[عه]

اگر جز یاد تو دارم خیالے
خداوندِ جہاں بخشاد حالے
کہ از نظارہ اش کروبیاں را
برآید از دروں آواز دردا

عہ این اول شعر است کہ موزوں کردم

بر طرح طالب آملی

ع ہوائے باغ بہجر تو سازگارم نیست
جدا ز کوئے تو ذوقے بہ نوبہارم نیست
چو سر بہ گشتم و کوئے تو در نظر ندارم
براہِ عشق تو جاں دادم و قرارم نیست
دلم ز جوشِ بہار و کنارِ جو نکشود
کہ آں نگارِ گل اندام در کنارم نیست
ز فرطِ شوق ہمہ چشم و تماشا نیست
فتادہ ام بسرِ راہ و شہسوارم نیست

طالب آملی

ع مریضِ عشقم و جز داغ سازگارم نیست   علاجِ درد بجز نالہائے زارم نیست

خیال روئے نگارے مرا زخود بردہ است
دماغِ بوئے گل و جلوۂ بہارم نیست

بذوقِ دردِ تو با چارہ گر نپردازم
بداغِ عشق تو پروائے غمگسارم نیست

بغیرِ زلفِ سیہ فام و عارضِ پر نور
نشاطِ لیلِ من و رونقِ نہارم نیست

بغیرِ چہرۂ گلگونِ شاہدِ شنگول
بہارِ باغِ من و جوشِ نو بہارم نیست

بپردہائے دل و چشم من نہاں حسرت
من و خدائے کہ جز جلوۂ نگارم نیست

بر طرحِ شفائی اصفہانی

آمد بہار و جلوۂ بستانم آرزوست
ہم نالگی بمرغِ غزلخوانم آرزوست

نے خوشدلی نہ جلوۂ بستانم آرزوست
بیتابیِ جنون و بیابانم آرزوست

